# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 30 November-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۳۰ رنومبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ سیاحتی مقامات کی عالمی معیار کے مطابق ترقی کیلئے مرکزی حکومت نے تین ہزار 300 کروڑ روپئوں کی 40 اسکیمات کو دی منظوری۔

☆ پولس محکمے کے IG اور DIG کی کُل ہند کانفرنس کا بھونیشور میں آغاز۔

☆ مخالف جماعتوں کی ہنگامہ آرائی کے سبب پارلیمنٹ کی کارروائی آئندہ پیر تک کی گئی ملتوی۔

☆ گوندیا ضلع میں ایس ٹی کی شیوشاہی بس حادثے کا شکار؛ 11 مسافر ہلاک اور 29 زخمی۔

اور۔۔۔☆ کرکٹ کے آئی سی سی چمپئن شپ کپ مقابلے کیلئے پاکستان نہ جانے کے مؤقف پر بی سی آئی قائم۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

مرکزی حکومت نے ملک کے مشہور سیاحتی مقامات کی عالمی معیار کے مطابق ترقی کی خاطر کم وبیش تین ہزار 300 کروڑ روپئوں کی 40 اسکیمات کو منظوری دی ہے۔ خبر میں کہا گیا ہے کہ 23 ریاستوں میں ان اسکیمات کیلئے دی جانے والی خصوصی امداد پر آئندہ 50 برسوں تک کوئی سود نہیں لیا جائیگا۔ ان میں سندھودُرگ ضلع میں واقع واٹر میوزیم مصنوعی مرجان بنانے کے پروجیکٹ کیلئے 46 کروڑ روپے منظور کیے گئے ہیں۔ وہیں ناسک کے رام کال راستے کیلئے 99 کروڑ روپئوں کی منظوری دی گئی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک پیغام میں وزیرِ اعظم نریندر مودی نے کہا کہ سیاحت میں بہت سے لوگوں کی زندگی میں خوشیاں لانے کی صلاحیت ہے اور حکومت ملک میں سیاحت کے بنیادی ڈھانچے کو مزید مضبوط کرنے پر توجہ مرکوز رکھے گی۔

***** ***** *****

بھونیشور میں کل ڈائریکٹر جنرل آف پولس اور انسپکٹر جنرل آف پولس کی کُل ہند کانفرنس کا آغاز ہوا۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امیت شاہ نے اس کانفرنس کا افتتاح کیا۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی بھی آج اور کل اس کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ اس کانفرنس میں تمام ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام علاقوں کے DIG's کے ساتھ ساتھ مرکزی ریزرو پولس فورس‘ RAW‘ نیشنل سیکوریٹی فورس‘ NSG‘ خفیہ محکمے کی شاخیں اور SPG کے سربراہان موجود رہیں گے۔ کانفرنس میں داخلی سلامتی‘ سائبر کرائم‘ نکسلیت‘ AI ٹولز سے درپیش چیلنجز اور دہشت گردی سے مقابلے جیسے اہم مسائل پر تبادلۂ خیال کیا جائیگا۔

***** ***** *****

پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے دوران مخالف جماعتوں کی ہنگامہ آرائی کے سبب کل دونوں ایوانوں کا کام کاج متاثر ہوا۔ لوک سبھا میں کارروائی شروع ہوتے ہی کانگریس، DMK، سماج وادی پارٹی اور حزبِ اختلاف کے دیگر ارکان نے ایک خانگی صنعتی گروپ کی مبینہ رشوت ستانی کے معاملے پر نعرے بازی کی۔ اسی دوران اسپیکر اوم برلا نے سوال و جواب کے وقفے کا اعلان کیا، تاہم شور وغل بڑھتا گیا، جس کے سبب کام کاج گھنٹے بھر کیلئے ملتوی کیا گیا۔ جب دوبارہ ایوان کی کارروائی شروع ہوئی تو اسپیکر نے کہا کہ حکومت اس معاملے پر بحث کیلئے تیار ہے۔ تاہم ہنگامہ آرائی جاری رہنے پر کارروائی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

راجیہ سبھا میں بھی چیئرمن جگدیپ دھنکڑ نے مخالف جماعتوں کی جانب سے اس معاملے پر بحث کے مطالبے کو مسترد کر دیا اور ایوان کی کارروائی جاری رکھنے کی کوشش کی۔ انھوں نے ایوان میں مسلسل خلل اندازی پر تشویش کا اظہار کیا اور کہا کہ اراکین غلط قدم اٹھا رہے ہیں۔ ہنگامہ آرائی کے نہ رُکنے پر راجیہ سبھا کی کارروائی بھی دن بھر کیلئے ملتوی کر دی گئی۔

***** ***** *****

بھارتیہ جنتا پارٹی کے اراکینِ اسمبلی گوپی چند پڈ ڑکر اور سدا بھاؤ کھوت نے کل ممبئی میں ای وی ایم مشین کی حمایت میں مظاہرے کی قیادت کی۔ اس موقع پر سدا بھاؤ کھوت نے کہا کہ مخالف جماعتیں اسمبلی انتخابات میں ہار کا الزام ای وی ایم پر لگا رہی ہیں، کانگریس پارٹی نے بھی ای وی ایم اور رائے دہی کے مجموعی عمل کو لیکر شک کا اظہار کیا ہے۔

بی جے پی قائد سدھیر منگنٹیوار نے کانگریس کے ان الزامات کو مضحکہ خیز قرار دیتے ہوئے تنقید کی ہے۔ وہ کل ممبئی میں میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ مہاراشٹر سمیت ملک بھر میں انتخابات جیتنے والے کانگریس کے نمائندوں کو ای وی ایم کے خلاف احتجاج کرنے سے پہلے استعفیٰ دے دینا چاہیے۔ تبھی کانگریس قائدین کو ای وی ایم کے بارے میں سنجیدہ سمجھا جائے گا۔ منگنٹیوار نے بتایا کہ ای وی ایم سے انتخابات کا فیصلہ کانگریس حکومت کے دور میں کیا گیا تھا اور ای وی ایم مشینوں کی خریداری بھی کانگریس حکومت کے دور میں ہوئی تھی۔ انھوں نے مزید بتایا کہ ریاست میں نئی حکومت کی حلف برداری کی تقریب جلد از جلد منعقد ہوگی۔

***** ***** *****

گوندیا ضلع میں کل ایس ٹی کی شیو شاہی بس حادثے کا شکار ہوگئی، جس میں 11 مسافر ہلاک اور 29 زخمی ہوگئے۔ بھنڈارا - گوندیا راستے پر بندراون ٹولہ گاؤں کے قریب ڈرائیور نے بس کا کنٹرول کھو دیا اور بس سڑک کے کنارے اُلٹ گئی۔ اسی بیچ ریاست کے نگراں وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے حادثے میں مرنے والوں کے وارثوں کو فی کس 10 لاکھ روپئے امداد دینے کا اعلان کیا ہے۔ گوندیا کے کلکٹر کو ہدایت دی گئی ہے کہ زخمیوں کا سرکاری خرچ پر فوری علاج کیا جائے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی اس حادثے پر دُکھ کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے مرنے والوں کے اہلِ خانہ کو دو لاکھ روپئے اور زخمیوں کو فی کس 50 ہزار روپئے دینے کا اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

گذشتہ روز گدیما فاؤنڈیشن کی جانب سے مختلف انعامات کا اعلان کیا گیا۔ ٹرسٹی آنند ماڈگلکر نے کل پونے میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ اس برس کا گدیما ایوارڈ سینئر اداکارہ آشا کالے کو دیا جائے گا، جبکہ اداکارہ پریا لکشمی کانت بیرڈے کو گدیما کی اہلیہ ودیا تائی ماڈگلکر کی یاد میں گرہنی سکھی سچیو ایوارڈ سے نوازا جائے گا۔ اسی طرح مشہور کہانی نویس، اسکرین پلے ڈائیلاگ رائٹر اور نغمہ نگار شیتج پٹوردھن کو چترّ بن ایوارڈ دیا جائے گا۔ اسی طرح مشہور گلوکارہ منیشا نشچل کو ودیا پرگیہ ایوارڈ دیا جائے گا۔

***** ***** *****

بھارتی کرکٹ کنٹرول بورڈ BCCI ' آئندہ برس کھیلے جانے والے آئی سی سی چمپئن شپ کپ کیلئے پاکستان نہ جانے کے اپنے مؤقف پر قائم ہے۔ بورڈ کے نائب صدر راجیو شکلا نے کل اس سلسلے میں ہونے والی انٹرنیشنل کرکٹ کاؤنسل کی میٹنگ میں کہا کہ کھلاڑیوں کی حفاظت سب سے اہم ہے۔ بی سی سی آئی اس ٹورنامنٹ کیلئے کسی تیسرے ملک میں میچ کھیلنے کے ہائبریڈ طریقے پر اَٹل ہے' جبکہ پاکستان کرکٹ بورڈ نے اس کی مخالفت کی ہے۔

***** ***** *****

53 ویں بین الاضلاع اور 86 ویں اسٹیٹ چمپئن شپ ٹیبل ٹینس مقابلے آئندہ دو تا چھ دسمبر کے دوران پونے میں ہونگے۔ ان مقابلوں میں 25 اضلاع کے ایک ہزار سے زائد کھلاڑی شرکت کریں گے۔

***** ***** *****

ڈائریکٹوریٹ آف اسپورٹس اینڈ یوتھ سروسیز کی جانب سے کل دھولیہ میں ریاستی سطح کے اسکول کراٹے اسپورٹس ٹورنامنٹ کا افتتاح کیا گیا۔ اس مقابلے میں حصہ لینے کیلئے 14,17 اور 19 برس عمر کے لڑکے اور لڑکیوں کی ٹیمیں دھولیہ میں داخل ہوئی ہیں۔ ضلع کھیل افسر او یناش ٹِلے نے کھلاڑیوں کو حلف دلایا، جس کے بعد مقابلوں کا آغاز ہوگیا۔

***** ***** *****

ریاست کے مختلف شہروں سے لا پتہ بچوں اور خواتین کی تلاش کی خاطر پولس محکمے کی جانب سے یکم تا 30 دسمبر کے دوران ایک خصوصی مہم '' آپریشن مسکان-13 '' چلائی جائے گی۔ پونے کے پولس کمشنر امیتیش کمار نے کل یہ اطلاع دی۔ انھوں نے تیقن دیا کہ لا پتہ افراد کی تلاش کو 24 گھنٹے اور 365 دن ترجیح دی جائیگی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع کے دیگلور تعلقے کے مرکھیل ابتدائی طبّی مرکز کے تحت ہیڈ پلّی گاؤں میں 23 نومبر کو چکن گنیا کے مریض پائے گئے تھے۔ اس مناسبت سے ضلع طبّی افسر ڈاکٹر سنگیتا دیشمکھ نے اس گاؤں کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انھوں نے طبّی خدمات فراہم کرنے والے ملازمین کو ہدایات دیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت کے دیگر پسماندہ بہوجن بہبود محکمے کی جانب سے دھنگر سماج کے طلبہ کیلئے پہلی تا پانچویں جماعتوں میں انگریزی میڈیم کے نامور رہائشی اسکولوں میں داخلہ دینے کی اسکیم کا آغاز کیا گیا ہے۔ اس کے تحت لاتور ضلعے کے اوسا تعلقے کے بدھوڑا میں واقع دی گلوبل اسکول میں 100 طلبہ اور لاتور میں واقع سوامی ویویکانند انٹیگریشن انگلش اسکول میں 100 طلبہ کو داخلے کیلئے چنا گیا ہے۔ ان اسکولوں میں داخلوں کیلئے 5 دسمبر 2024 تک محکمے کے ڈپٹی ڈائریکٹر آفس میں درخواست دینے کی اپیل کی گئی ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ڈویژنل سطح پر لوک شاہی دِن آئندہ 9 دسمبر کو منعقد کیا جائے گا۔ ڈویژنل کمشنر دفتر کی جانب سے ایک مکتوب کے ذریعے یہ اطلاع دی گئی۔

***** ***** *****

ریاست میں کڑاکے کی سردی کا آغاز ہوگیا ہے۔ محکمۂ موسمیات کی جانب سے امکان ظاہر کیا گیا ہے کہ آئندہ تین دِنوں میں کچھ اضلاع میں سردی کی لہر آئے گی۔ اسی بیچ پربھنی ضلع میں سب سے کم درجۂ حرارت آٹھ ڈگری سیلسئیس درج کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ سیاحتی مقامات کی عالمی معیار کے مطابق ترقی کیلئے مرکزی حکومت نے تین ہزار 300 کروڑ روپئوں کی 40 اسکیمات کو دی منظوری۔

☆ پولس محکمے کے IG اور DIG کی کُل ہند کانفرنس کا بھونیشور میں آغاز۔

☆ مخالف جماعتوں کی ہنگامہ آرائی کے سبب پارلیمنٹ کی کارروائی آئندہ پیر تک کی گئی ملتوی۔

☆ گوندیا ضلع میں ایس ٹی کی شیوشاہی بس حادثے کا شکار؛ 11 مسافر ہلاک اور 29 زخمی۔

اور۔۔۔☆ کرکٹ کے آئی سی سی چمپئن شپ کپ مقابلے کیلئے پاکستان نہ جانے کے مؤقف پر بی سی آئی قائم۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****